
15th August, 2024

# 1 IN 5 PAKISTANIS (17%) FEEL SOCIETY DOES NOT GIVE ENOUGH RESPECT TO GOVERNMENT SCHOOL TEACHERS; WOMEN AND RURAL RESIDENTS MORE LIKELY TO HOLD THIS VIEW: GALLUP & GILANI PAKISTAN

ہر 5 میں سے 1 (17%) پاکستانی کا خیال ہے کہ پاکستانی معاشرہ سرکاری اسکولوں کے اساتذہ کواتنی عزت نہیں دیتا ہے جتنی دینی چاہیے، اس حوالےسے رائے رکھنے والوں کی شرح خواتین اور دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد میں زیادہ پائی گئی ۔

Question: How do you think the people of Pakistan generally view government teachers?



(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## سماجی رویے

شعبے/پیشے پر اظہار رائے

سرکاری اسکولوں کے اساتذہ اور اس کے حوالے سے عوامی رائے پر 4 پریس ریلیز سیریز کا تیسرا حصہ

## ہر 5 میں سے 1 (17%) پاکستانی کا خیال ہے کہ پاکستانی معاشرہ سرکاری اسکولوں کے اساتذہ کو اتنی عزت نہیں دیتا ہے جتنی دینی چاہیے، اس حوالے سے رائے رکھنے والوں کی شرح خواتین اور دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد میں زیادہ پائی گئی۔

**(گیلپ & گیلانی پاکستان)،**


(اسلام آباد)، 15 اگست، 2024

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، ہر 5 میں سے 1 (17%) پاکستانی کا خیال ہے کہ پاکستانی معاشرہ سرکاری اسکولوں کے اساتذہ کو اتنی عزت نہیں دیتا ہے جتنی دینی چاہیے ۔ سروے کے نتائج سے یہ سامنے آتا ہے کہ سرکاری اساتذہ کو مناسب عزت نہ دینے کے حوالے سے رائے رکھنے والوں کی شرح مرد حضرات کی نسبت خواتین میں 4% زیادہ پائی گئی ۔اس کے ساتھ ساتھ ، شہری علاقوں میں رہنے والے افراد کی نسبت، دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد میں سرکاری اساتذہ کو کم عزت دینے کے حوالے سے رائے رکھنے والوں کی شرح زیادہ پائی گئی۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے سرکاری اسکولوں کے اساتذہ سے متعلق عوام کی رائے کے حوالے سے جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز کا حصہ ہے۔ اس پریس ریلیز کی سیریز کی پہلی رپورٹ تک رسائی حاصل کرنے کیلئے برائے مہربانی یہاں اور دوسری رپورٹ تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"آپ کے خیال میں پاکستان کے لوگ عموماً سرکاری اساتذہ کو کس نظر سے دیکھتے ہیں؟"**۔اس سوال کے جواب میں 70% جوابدہندگان کے مطابق پاکستان کے لوگ عموماً سرکاری اساتذہ کو احترام کی نظر سے دیکھتے ہیں ،17% جوابدہندگان کے مطابق پاکستان کے لوگ عموماً سرکاری اساتذہ کو کمتر سمجھتے ہیں، جبکہ 8% جوابدہندگان کے مطابق پاکستان کے لوگ عموماً سرکاری اساتذہ کو نہ ہی احترام کی نظر سے دیکھتے ہیں اور نہ ہی کمتر سمجھتے ہیں (دونوں میں سے کوئی نہیں) ہیں، تاہم 5% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی بھی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**"آپ کے خیال میں پاکستان کے لوگ عموماً سرکاری اساتذہ کو کس نظر سے دیکھتے ہیں؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**جنس کے اعتبار سے:** پاکستانی مرد حضرات (15%) کے مقابلے میں پاکستانی خواتین (19%) کی زائد شرح کا یہ خیال ہے کہ پاکستانی معاشرہ سرکاری اسکولوں کے اساتذہ کو کمتر سمجھتا ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**دیہی۔شہری علاقوں کے اعتبار سے:** دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد (68%) کی نسبت شہری علاقوں میں رہنے والے افراد (73%) کی زائد شرح کا یہ خیال ہے کہ پاکستانی معاشرہ سرکاری اساتذہ کو احترام کی نظر سے دیکھتے ہیں۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 769 مرد و خواتین سے 28 جون تا 10 جولائی 2024 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 15th August, 2024**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2024

celebrating 44 years of Gallup Pakistan
(1980-2024)